10809-ناقص ایمان کے اسباب کیا ہیں

سوال

ایمان ناقص ہونے کے اسباب کیا ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

نقصان ایمان کے سبب مندرجہ ذیل ہیں :

پہلا سبب : اللہ تعالی کے اسماء وصفات سے جہالت کی بنا پر ایمان میں نقص پیدا ہوتا ہے کیونکہ جب اللہ تعالی کے اسماء وصفات میں انسان کی معرفت کم ہوتی ہے تو اس کا ایمان بھی ناقص ہوجاتا ہے ۔

دوسرا سبب : اللہ تعالی کی کونی اور شرعی نشانیوں میں غور وفکر اور تدبر سے اعراض کیونکہ یہ نقص ایمان کا سبب بنتا ہے یا پھر کم از کم اسے وہیں ٹھرادیتا اور اسے بڑھنے نہیں دیتا ۔

تیسرا سبب :

معصیت اور گناہ کا ارتکاب کیونکہ گناہ کا دل اور ایمان پر بہت بڑا اثر ہے اسی لۓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(زانی جب زنا کر رہا ہوتا ہے تو وہ اس وقت مومن نہیں ہوتا)

چوتھا سبب :

اتباع واطاعت نہ کرنا ترک اطاعت یقینی طور پر نقص ایمان کا سبب ہے لیکن اگر اطاعت واجب ہو اور اسے بغیر کسی عذر کے ترک کیا جاۓ تو وہ ایسا نقص ہے جس پر سزا اور ملامت بھی ہو گی اور اگر اطاعت واجب نہیں یا پھر واجب تھی لیکن اسے کسی عذر کی بنا پر ترک کیا گیا تو وہ ایسا نقص ہے جس پر سزا اور ملامت بھی ہوگی اور اگر اطاعت واجب نہیں یا پھر واجب تھی لیکن اسے کسی عذر کی بنا پر ترک کیا گیا تو وہ ایسا نقص ہے جو کہ ملامت والا نہیں تو اسی لۓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو ناقص العقل اور دین قرار دیا او اس کے نقص دین کی علت یہ بیان فرمائی کہ جب اسے حیض آتا ہے تو وہ نماز نہیں پڑھتی اور نہ ہی روزہ رکھتی ہے حالانکہ حالت حیض میں نماز اور روزہ چھوڑنا ملامت کا کام نہیں بلکہ اسی کا حکم ہے لیکن وہ فعل جو کہ مرد کرتا ہے جب اس سے وہ چھوٹ گیا تو اسی وجہ سے وہ ناقص العقل ہوئی ۔ .